ضیائی ماہانہ سیریز

# ضیائے جمادی الثانی

☆فضائل ونوفل | ☆اعراس مبارک یکم تا ۳۰ | ☆تاریخ اسلام کے اہم واقعات

ناشر:
انجمن ضیاءِ طیبہ
بالمقابل HBL کھارادر برانچ آدمجی داؤد روڈ بمبئی بازار کھارادر کراچی
021-32473226 www.ziaetaiba.com

# ضیائے جمادی الاخریٰ

مرتب

علامہ نسیم احمد صدیقی نوری

www.ziaetaiba.com

ناشر

انجمن ضیاءِ طیبہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللہِ ﷺ

| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | ضیائے جمادی الاخریٰ |
| مرتب | : | علامہ نسیم احمد صدیقی نوری |
| ضخامت | : | ۲۴ صفحات |
| تعداد | : | ۲۰۰۰ |
| پیشکش | : | ضیائی دارالاشاعت، انجمن ضیاء طیبہ |

www.ziaetaiba.com


...........ناشر...........

ضیائی دارالاشاعت، انجمن ضیاء طیبہ

# معروضات اور عزائم

الحمد للہ علی احسانہٖ "انجمن ضیاءِ طیبہ" گذشتہ دو سال سے مسلک حقہ اہلسنّت وجماعت کی ترویج واشاعت کے لیے خدمت میں مصروف عمل ہے۔ انجمن کی نسبت شیخ العرب والعجم حضرت قطب مدینہ شاہ ضیاء الدین قادری مدنی قدس سرہ سے معنون ہے۔ سادہ لوح سنی بھائیوں اور بہنوں کی اعتقادی و نظریاتی راہنمائی کے لیے اہم موضوعات پر تاحال تقریباً پچیس کتب شائع کرنے کا شرف سعادت حاصل ہوا ہے۔ علاوہ ازیں شمسی کیلنڈر (انگریزی ماہ) کے پہلے یومِ جمعہ بعد عشاء "الف مسجد" کھارادر میں حالات حاضرہ کے مطابق اہم موضوعات پر درس قرآن واحادیث کے اجتماعات بعنوان "ضیائے قرآن" منعقد ہوتے ہیں۔ جس میں مقتدر علماء اہلسنّت محققانہ وناصحانہ خطاب فرماتے ہیں جب کہ اسی موقع پر بہ اعتبار موضوع ایک کتابچہ شائع کر کے مفت تقسیم کیا جاتا ہے۔ بحمدہٖ تعالیٰ "انجمن ضیاء طیبہ" کے تحت سنی حاجیوں کی فکری و عملی راہنمائی کے لیے "الموٴذن حج گروپ" کی خدمات ضرب المثل ہو چکی ہیں۔ حاجیوں کے لیے تربیتی کورسز، سوال وجواب کی فقہی نشستوں کے انعقاد، مناسک حج وعمرہ کی ادائیگی کے لیے مسائل اور دعاؤں پر مبنی کتاب "ضیائے حج" اور حجۃ الوداع کی روداد پر مبنی کتاب "رسول اللہ ﷺ کا حج" اور دیگر درود وسلام اور وظائف پر مشتمل کتاب "ضیاء درود" (مختلف درود خصوصاً درود اکبر) "ضیاء طیبہ" (قصیدہ بردہ شریف)

”الوظیفۃ الکریمہ“ (اعلیٰ حضرت اور مشائخ قادریہ کے معمولات و اوراد و وظائف) کی اشاعت و تقسیم کا اہتمام ہوتا ہے اور ہوتا رہے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

پہلی تا پندرہ صدیوں پر محیط مجددین کی تفصیلی و تحقیقی تاریخ ”ضیاء المجددین“ تقریباً آٹھ جلدوں میں عنقریب شائع ہوگی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ عزوجل والرسول علیہ الصلوٰۃ والسلام۔

رسالہ ہٰذا ”ضیاء جمادی الاوّل“ اسلامی مہینوں کے فضائل و اعمال پر مشتمل سلسلے کی کڑی ہے۔ اس سلسلے کو قارئین کرام کے طبقے میں پذیرائی حاصل ہے۔ جس کے لیے ہم ان کے شکر گزار ہیں۔

اپنے سنی بھائیوں و بہنوں سے استدعا ہے کہ ”انجمن ضیاء طیبہ“ کے لیے استقامت اور روز افزوں ترقی کی دعا کیجیے۔

اللہ تعالیٰ سبحانہ تمام سنیوں کا خاتمہ خیر پر فرمائے۔ آمین

انہیں جانا انہیں مانا نہ رکھا غیر سے کام
للہ الحمد میں دنیا سے مسلمان گیا

اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ

سیّد اللہ رکھا
انجمن ضیاء طیبہ

www.ziaetaiba.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ

# اسلامی سال کا چھٹا مہینہ

## ”جمادی الاخریٰ“

قمری تقویم (ہجری کیلنڈر) اسلامی سال کے چھٹے مہینے کو جمادی الاخریٰ کہتے ہیں۔ اس نام کے بارے میں یہ روایت ہے کہ ان ایام میں جزیرۃ العرب کے بعض حصوں میں موسم اتنا سرد تھا کہ برتنوں میں پانی جم جاتا تھا، یہ سرد موسم دو مہینوں پر محیط رہا، جس کے باعث موسم سرد کے اول حصہ کو ”جمادی الاولیٰ“ اور دوسرے حصہ کو ”جمادی الاخریٰ“ کہا جانے لگا۔

## جمادی الاخریٰ کے نوافل:

۱۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اس مہینہ کی پہلی رات میں بارہ رکعت ادا کرتے تھے۔ اس نماز کے لیے کوئی خاص سورۃ مقرر نہیں ہے۔

۲۔ اس مہینہ میں افضل تو یہی ہے کہ پہلی تاریخ ورنہ ۲ جمادی الاخریٰ تک چار رکعت نفل پڑھے، اور ہر رکعت میں سورۃ الاخلاص تیرہ مرتبہ پڑھے تو اس شخص کے لیے ایک لاکھ نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔ اور ایک

www.ziaetaiba.com

لاکھ برائیاں مٹائی جاتی ہیں۔ یاد رہے کہ چاروں رکعات میں مجموعی طور پر باون (۵۲) مرتبہ سورۃ الاخلاص کی تلاوت ہوگی۔ اکثر سلاسل طریقت مثلاً قادریہ، چشتیہ، نقشبندیہ، سہروردیہ اور ذیلی سلاسل مثلاً شاذلیہ، رفاعیہ، صابریہ، برکاتیہ، نوریہ، رضویہ معمریہ، نوشاہیہ، اشرفیہ وغیرہ کے مشائخ یہ عمل فرماتے رہے ہیں۔

## چار رکعت نفل ادا کرنے کا طریقہ:

چار رکعت نفل، فرض اور سنتِ مؤکدہ کی چار رکعتوں سے مختلف انداز میں اس طرح ادا کیے جاتے ہیں کہ پہلی اور دوسری رکعت عام طریقہ سے ادا کر کے جب تشہد میں بیٹھیں تو التحیات مکمل پڑھ کر تیسری رکعت کے لیے اس وقت تک کھڑے نہ ہوں جب تک تشہد کے بعد درود شریف کے بعد درود شریف (یعنی درود ابراہیمی مکمل) نہ پڑھ لیں اور جب تیسری رکعت کے لیے کھڑے ہوں تو تیسری رکعت میں بھی پہلی رکعت کی طرح ثناء، تعوذ، تسمیہ پڑھ کر سورۃ فاتحہ اور اس کے سات کوئی سورت ملائیں، اس طرح چار رکعتیں مکمل کریں۔

## جمادی الثانی میں مزید اعمال:

جمادی الثانی کی پہلی شب میں دو رکعت نماز ادا کرے۔ سلام کے بعد استغفار کہے۔ دسویں روز چھ سلام کے ساتھ بارہ رکعات نماز ادا کرے، اس کی ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۃ القریش پڑھے، سلام کے بعد سورۂ یوسف پڑھے۔ اس سال کے اندر محتاجی اور آفات زمانہ سے محفوظ رہے گا۔ اٹھائیسویں شب کو

نماز مغرب کے بعد چار رکعات نماز ادا کرے۔ لوگوں کی نگاہ میں عزیز تر ہو گا۔(الطائف اشرفی دوم صفحہ ۳۴۲)

## جمادی الاخریٰ کے نفلی روزے:

یوں تو عام طور پر ہر ماہ چند نفلی روزے جسمانی وروحانی اعتبار سے مفید ہوتے ہیں۔ اگر ہر ماہ کی تیرہ، چودہ اور پندرہ تاریخوں (ایامِ بیض) کے تین دن مسلسل روزے رکھیں تو ایمانی درجات کی بلندی، روحانی بالیدگی اور ایمان پر استقامت کی ضمانت حاصل ہوتی ہے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ صحیح العقیدہ سنی شیخ طریقت کی راہنمائی حاصل ہو، جو اپنے مریدین کو کامل طور پر مسلک امامِ احمد رضا محدث و محقق بریلوی رحمۃ اللہ علیہ والرضوان کے دائرے میں رکھے اور صلح کلی کے فریب سے بچائے۔ علاوہ ازیں ہر پیر، جمعرات اور جمعہ کے دنوں میں بھی روزہ رکھنے کا اہتمام کیجئے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بلڈ پریشر، کولیسٹرول کی زیادتی اور امراض قلب سے محفوظ رہیں گے۔

## مخصوص اذکار ودرود شریف:

یہ اذکار اور درود شریف پڑھنے کا روزانہ اہتمام کریں تو سبحان اللہ ورنہ شب جمعہ اور جمعۃ المبارک کے دن ضرور وردِ زباں رکھیں۔

۱۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مَّعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ مَنْبَعِ الْعِلْمِ وَالْحِلْمِ وَالْحِکَمِ وَاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ بَارِکْ وَسَلِّمْ صَلٰوۃً وَّسَلَامًا عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللہِ

(گیارہ ۱۱) مرتبہ

۲۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ تَعَالٰی رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ

(گیارہ ۱۱) مرتبہ

۳۔ رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَیْرُ الرَّاحِمِیْنَ

(پانچ ۵) مرتبہ

۴۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ

(پانچ ۵) مرتبہ

انجمن ضیاء طیبہ
www.ziaetaiba.com